23/05/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج 19ویں روزگار میلے کے دوران مختلف محکموں میں تعینات کئے گئے51ہزار سے زائد نوجوانوں میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تقررنامے تقسیم کئے۔ یہ روز گار میلہ ملک میں 47مقامات پر منعقد کیا گیا ۔ا ن روزگار میلوں کے ذریعے اب تک ملک بھر میں 12لاکھ تقرر نامے تقسیم کئے جا چکے ہیں۔

اس موقعے پر وزیر اعظم نے ان نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہبھارت کے نواجون وکست بھارت کی جانب سفر کو تیز کرنے میناہم کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ روزگار میلے کے ذریعے حکومت نوجوان طاقت کو نئے مواقعے فراہم کرکے انہیں با اختیار بنانے کے عزم کا عکاس ہے ۔

واضح رہے کہ اس تقریب کے دوران جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے220نوجوانوں کو بھی تقرر نامے سونپے گئے۔

پد یاترا

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

اس دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے آج جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیان مینمنشیات مخالف تقریب میں شرکت کرکے  پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیاپد یاترا مینسماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر کو منشیات کے کاروبار اور اس کے استعمال سے پاک بنانے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی ۔

اس موقعے پر ایل جی خطاب کرتے ہوئے کہا۔

داچھی گام

جمونو کشمیر بائیو ڈیورسٹی کونسل نے انٹرنیشنل ڈے فار بائیولاجکل ڈیورسٹی کے مناسبت سے داچھی گام نیشنل پارک میں ایک تقریب منعقدکی ہے جس دوران جموں و کشمیر کی قدرتی اور ماحولیاتی ورثے کو اجاگرکیا گیا۔

تقریب پر جنگلات، ماحولیات اور ایکولوجی کی کمشنر سیکریٹری شیتل نندا مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حیاتیاتی تنوع کا تحفظ انسانیت کی بقا ءکے لیے ناگزیر ہے اور ترقیاتی منصوبوں میں ماحولیات کے تحفظ کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

انہوں نے جموں و کشمیر کی نباتات، حیوانات اور پرندوں کی جامع فہرست تیار کرنے اور نایاب حیاتیات کے تحفظ کے لیے ایکس سیٹو ex-situ کنزرویشن مراکز قائم کرنے کی ہدایت دی۔

فضل الحسیب

سرینگر میونسپل کارپویشن کے کمشنر فضل الحسیب نے عید الاضحیٰ کے سلسلے مینکئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔کمشنر موصوف نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ عید الاضحیٰ کے دوران نماز عید کےلئے شہر بھر کی مساجد، خانقاہوں، عیدگاہوں اور دیگر اہم مذہبی مقامات کے اندر اور آس پاس مناسب صفائی ستھرائی کو یقینی بنائیں۔

انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ تہوار کے دوران ،موجود ویسٹ کلیکشن سہولیات کا استعمال کرکے اور صفائی کے رہنما خطوط پر عمل کرکے سرینگر میونسپل کارپوریشن سے مکمل تعاون کریں۔

DCسرینگر

محرم الحرام کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے شعیہ انجمنوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی ۔ میٹنگ میں عزاداروں کیلئے بہتر سہولیات اور جلوس کے انعقاد کے حوالے سے تجاویز طلب کیں۔ شرکاءنے میٹنگ مینانتظامات ، شہری سہولیات سے متعلق مسائل کو اجاگر کیا۔

DCاننت ناگ

عید الاضحی کے پیش نظر تمام سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کی غرض سے ضلع ترقیاتی کمشنر اننت نا گ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔اس دوران انہوننے ضلع کے کھرم درگاہ شریف ، عیشمقام ، سیر ہمدان سمیت تمام مساجد اور عد گاہوں پر آنے والے عقیدت مندوں کیلئے تمام سہولیات کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

DCبڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ہوکر سر ویٹ لینڈ کے حد بندی کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے فیلڈ ویری فکیشن ، بونڈری ایسسٹمنٹ ،جیو ریفرنسڈ میپنگ کی موجودہ صورتحال اور ہر محکمے کے پاس دستیاب ریکارڈ کا جائزہ لیا ۔انہوننے ویٹ لینڈ کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے درست سائنسی حد بند ی کی اہمیت پر زور دیا ۔

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو رواں مہینے کی 25تاریخ کو راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔ اس بات کی جانکاری وزارت داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی ہے ۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

ایوارڈ پانے والوں میں 16 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 افراد کو بعد از مرگ یہ ایوارڈ دئے جا رہے ہیں ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ